# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**
**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

## وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں زرعی شعبہ میں ڈیجیٹلائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے ماڈلز بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور: **17** اگست **2026**: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِصدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں زراعت کے شعبے میں جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور کسانوں کی رہنمائی کے لیے جدید ڈیجیٹل ماڈلز کے استعمال سے متعلق تجاویز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے شرکت کی۔

اس موقع پر سینجینٹا پاکستان کی جانب سے فصلوں کے حوالے سے تیارکردہ جدید موبائل ایپلی کیشن کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت کو بتایا گیا کہ زراعت کی ڈیجیٹلائزیشن عصرِ حاضر کی اہم ضرورت ہے اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کاشتکاروں کو بروقت اور مؤثر زرعی رہنمائی فراہم کی جاسکتی ہے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ زراعت کی ڈیجیٹلائزیشن زرعی تبدیلی کے جاری ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے کاشتکاروں کی رہنمائی کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ جدید موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے فصلوں کی بڑھوتری و دیگر اہم زرعی اعداد وشمار بھی حاصل کیے جاسکیں گے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص میں مزید بہتری آئے گی۔ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے فصلوں کی بیماریوں کی بروقت نشاندہی اور کاشتکاروں کو مناسب رہنمائی فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے اشتراک سے جدید ڈیجیٹل زرعی ٹیکنالوجی کو فروغ دے کر کسانوں کی رہنمائی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔اس مقصد کے لیے جدید ایپلی کیشنز اور مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جائے گا۔

اجلاس میں زرعی شعبے میں مصنوعی ذہانت کے جدید ماڈلز سے استفادہ کرنے اور کاشتکاروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ زرعی معلومات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف تجاویز کا بھی جائزہ لیا گیا۔